نواب جہانگیر آف جونا گڑھ کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات اور ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی المناک شہادت پر اظہارِ افسوس

کراچی ۔۔۔18، اکتوبر 2010ء

نواب جہانگیر کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی المناک شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین و دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ وفد کے ارکان نے ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت شہید کے قاتلوں کو گرفتار کر کے انہیں سخت ترین سزا دے گی۔ انہوں نے شہید کے سوگوار والدین و دیگر عزیز و اقارب اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت اور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔ بعد ازاں رکن رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس نے وفد کے ارکان کا تعزیت کیلئے آنے پر انکا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆